Civics - FA Part 2 Civics Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Test

Q1. ضلعی پولیس آفیسر کے فرائض بیان کریں.

Ans 1: ہر ضلع کا ایک اعلی پولیس آفیسر ایس پی کے رینک کا ہوتا ہے جسے ڈی پی او کہا جاتا ہے. اگر ضلع کی آبادی زیادہ ہو تو ایس ایس پی ضلع کی پولیس کا انچارج ہوتا ہے. اس کے فرائض یہ ہیں.

Ans 2: 1- اپنے ضلع میں امن و امان قائم کرنا 2- اوپر سے آنے والی ہدایات پر عمل درآمد کرانا 3- ضعلع کے اندر پولیس کی نگرانی اور اس کا جائزہ لینا. 4- ضلع میں پولیس فورس کی ضروریات کو پورا کرنا 5- اہم شخصیات کی حفاظت کرنا. 6- ضلع میں ٹریفک کنٹرول کرنا، ڈرگ کنٹرول کرنا. 7- ایس پی کی مدد کے لیے ایڈیشنل ایس پی، اے ایس پی یا ڈی ایس پی آفیسرز ہوتے ہیں. ہر ضلع کی تحصیل میں سب ڈویژنل آفیسر ہوتا ہے جو اپنے علاقے کے تھانوں کی نگرانی کرتا ہے. 8- جرائم کا سدباب اور روک تھام کرنا 9- صنعتی یونٹوں میں امن امان قائم رکھنا

Q2. ٹاؤن پولیس آفیسر کے فرائض بیان کریں.

Ans 1: پولیس میں بس سے نچلے درجہ میں پولیس چوکی اور اس کے بعد تھانہ ہوتا ہے. ایک تحصیل میں عام طور پر دس تھانے ہوتے ہیں. ان سب کا اہم آفیسر ٹی پی ہوتا ہے.

Ans 2: فرائض: 1- عوام سے براہ راست رابطہ کرنا. 2- افسران بالا کے احکامات کے نیچے تک پہنچانا 3- عوام کو تحفظات دینا. 4- ٹریفک حادثات، فسادات اور ہنگامی حالات سے عہدہ بر ا ہونا 5- علاقہ مجسٹریٹ سے رابطہ رکھنا 6- اپنے علاقہ میں جرائم کی روک تھام کرنا. 7- اپنے علاقے میں غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کرنا

Q3. پنجاب پولیس کی عہدیداران کے نام

Ans 1: 1- ایڈیشنل انسپکڑز جنرل آف پولیس 2- ریجنل پولیس افسران 3- کیپیٹل سٹی پولیس آفیسرز 4- ڈپٹی انسپکڑز جنرل اف پولیس 5- ڈسٹرکٹ پولیس افسران 6- اسسٹنٹ انسپکڑز جنرل اف پولیس 7- ڈی پی ار 8- رجسٹرار

Q4. اجماع سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کبھی کبھی قاضی کے پاس ایسے مقدمات ہوتے ہیں جن کے بارے میں قرآن پاک خاموش ہوتا ہے. ایسی صورت میں قاضی اپنی مرضی اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق فیصلہ صادر فرماتے ہیں جنہیں اسلامی دنیا میں اجماع کہتے ہیں.

Q5. انسپکٹر جنرل آف پولیس کے فرائض بیان کریں.

Ans 1: 1- وہ محکمہ کی تنظیم کرتاہے. 2- صوبائی حکومت کے احکامات پر عمل درآمد کراتا ہے 3- تمام ڈویژنوں کے پولیس آفیسروں سے رابطہ رکھتا ہے. 4- صوبے میں مختلف کاموں کا جائزہ لیتا ہے. 5- اپنے ماتحت آفیسروں سے مل کر اعلی حکام کو نئی معلومات دیتا ہے. 6- محکمہ کے مختلف احکامات تمام دفاتر میں اپنے ماتحتوں کے زریعے پہنچاتا ہے.

Q6. نظم و ضبط کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: معاشرتی نظم و ضبط کے لفظی معنی معاشرتی حکم یا تربیت کے ہیں. اصطلاحی معنی میں نظم و ضبط سے مراد کسی ریاست میں شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرنا، ان کی جان و مال کی نگرانی کرنا، عدل و انصاف فراہم کرنا اور امن و امان بحال کرنا ہے.

Q7. ریجنل پولیس آفیسر کوبیان کریں.

Ans 1: صوبے کی ہر دویژن میں پولیسن کا انچارج ریجنل ہوتا ہےاس کا رابطہ ائی جی پولیس سے رہتا ہے اس کے فرائض یہ ہیں.

Ans 2: 1- اپنی ڈیویژن میں امن و امان قائم رکھنا. 2- ائی جی سے رابطہ رکھنا. 3- اپنے دویژن میں اضلاع کی کارکردگی کا جائزہ لینا 4- سول انتظامیہ سے رابطہ رکھنا

Q8. ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹریفک پولیس کیا کردار ادا کرتی ہے.

Ans 1: پولیس کے اہل کار سڑکوں اور چوراہوں پر موجود رہتے ہیں اور قواعد کے مطابق ٹریفک کو گزارنے ہیں. اگر کوئی شہری بغیر لائیسنس گاڑی چلا رہا ہو یا ٹریفک قواعد کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو تو اس کا چالان کیا جاتا ہے. ٹریفک پولیس حادثات کی روک تھام کر کے شہریوں کی قیمتی جانیں بچانے کا اہتمام بھی کرتی ہے.

Q9. اجتماعی عدل وانصاف کے شعبے بیان کریں.

Ans 1: 1- معاشرتی عدل و انصاف 2- معاشی عدل و انصاف 3- سیاسی عدل انصاف 4- قانونی عدل و انصاف 5- اصول معدلت 6- صیغہ عدالت

Q10. ہائی وے پڑولنگ سے کیا مرادہے.

Ans 1: چھوٹی اور بڑی شاہراہوں پر مسافروں کی جان و مال کی ڈاکوؤں ، چوروں ، اور دیگر جرائم پیشہ افراد سے حفاظت کے لیے ہائی وے پولیس کے دستے گشت کرتے ہیں.'پولیس کی اس کاروائی کو ہائی وے پٹرولنگ کہتے ہیں.